مطبوعات

(تبصرہ کے لیے جو کتاب بھیجی جائے اُس کے دو نسخے بھیجنا لازمی ہیں)

(ادارہ)

ECONOMIC ILLS معاشی خرابیاں	تالیف: یوسف ایچ شیرازی صدر ایوان تجارت وصنعت، کراچی۔ شائع کردہ: شیرازی سانو سٹمنٹ لمیٹڈ سا ایف / ۳۶ ایس۔آئی۔ٹی۔ای۔ کراچی۔

قیمت چھ روپے صفحات ۱۵۸۔

کتاب کے مصنف اس ملک کے صنعتی اور تجارتی شعبہ جات کی ایک اونچی شخصیت ہیں اور ملک کے معاشی مسائل اور ان کی نوعیت سے اچھی طرح واقف ہیں زیر تبصرہ کتاب میں انہوں نے حکومت کی معاشی پالیسیوں کا ناقدانہ جائزہ لیا ہے۔ اور بتایا ہے کہ ان کی خامیوں کی وجہ سے ملک کے معاشی حالات پر کیا مضر اثرات مترتب ہوتے ہیں۔

یہ کتاب مصنف کے متفرق مضامین اور خطبات کا مجموعہ ہے مگر ان میں ایک معنوی ترتیب اور مقصدی ربط پایا جاتا ہے۔ تبصرہ نگار کے نزدیک اس کتاب میں دو چیزوں کی کمی محسوس ہوتی ہے ایک یہ کہ مصنف نے ملک کے معاشی حالات اور معاشرتی ماحول کے باہمی تعلق کی تو نشاندھی کی ہے مگر اس ضمن میں پاکستانی معاشرے کے دینی تقاضوں کو یکسر نظر انداز کر دیا ہے۔ دوسرے ان مضامین میں نقد و نظر کا زاویہ یکسر سرمایہ دارانہ ہے۔ کاش فاضل مصنف اسلامی نقطہ نظر سے ملک کی معاشی صورت حال کا جائزہ لیتے۔

اس کمی کے باوجود کتاب بڑی دلچسپ اور معلومات افزا ہے۔ فاضل مصنف نے مواد جمع کرنے میں بڑی عرقریزی کا ثبوت دیا ہے۔ معیار طباعت عمدہ ہے۔

اسماء الرجال تالیف: علامہ شیخ ولی الدین خطیب تبریزی۔ شائع کردہ: نور محمد کارخانہ کتب آرام باغ، کراچی۔ صفحات ۱۴۲ قیمت درج نہیں۔